


# تعارف و تبصرہ کتب

**کشفِ خارجیت** | از مولانا قاضی مظہر حسین صاحب. صفحات ۵۶۸ قیمت ۳۰ روپے

پتہ۔ حافظ عبدالوحید حنفی۔ دفتر تحریک خدام اہلسنّت مدنی جامع مسجد چکوال۔

کشفِ خارجیت، تحریک خدام اہل سنّت کے بانی و امیر مولانا قاضی مظہر حسین صاحب کی تازہ تصنیف ہے اللہ تعالیٰ نے موصوف سے سنّت، عقائد اہل سنّت، خلفاء راشدین و صحابہ کرامؓ کی طرف سے پُرزور مدافعت نیز اصلی سنیّت اور علماء دیوبند کے مسلکِ اعتدال کے تحفظ کا کام لیا ہے اور لے رہا ہے۔ وادامہا اللہ۔ حضرت قاضی صاحب کی شخصیت پوری ملّت بالخصوص اہلسنت کے لئے قابلِ فخر سرمایہ ہے۔ شیعیت، خارجیت ناصبیت کی رد میں موصوف نے جو کام کیا ہے۔ گویا امت کی طرف سے کفارہ ادا کر دیا ہے۔ کشفِ خارجیت بھی موصوف کی تصنیف " خارجی فتنہ" کا گویا ایک تکمیلی حصہ ہے۔ جو محمد علی سعید آبادی کے رسالہ " اصل حقیقت" کے جواب میں لکھی گئی ہے۔ مگر اس کے باوجود کتاب مسلک اہلسنّت اور علماء دیوبند کے مسلکِ اعتدال کو جامع ہے جب بھی کبھی کسی نے خواہ کتنی ہی بڑی علمی و سیاسی شخصیت کیوں نہ ہو مسلک اہل سنّت یا علماء دیوبند کے مسلک اعتدال سے ہٹنے یا خلاف کرنے کی دانستہ یا نادانستہ طور پر کوئی کوشش کی تو حضرت قاضی صاحب موصوف کے علم و حمیت دینی کو جوش آیا۔ ان کے علم کے سمندر میں طوفان اٹھا اور مسلکِ حق کے دفاع کی خاطر تفسیر و حدیث اور تاریخ و سیر کے معلومات اور قوی و مستحکم دلائل کا سیلاب امڈا جس نے پچھلوں کی طرح عصری شخصیتوں کے غلط نظریات کو بھی لے بہایا۔ کشفِ خارجیت بھی اس کا مظہر اتم ہے۔ اور یہ بھی ایک ایسا وصف ہے جو دور حاضر کے مصنفین میں صرف قاضی صاحب موصوف کی تحریروں میں پایا جاتا ہے۔ کشفِ خارجیت بھی آپ کی دوسری تحریروں کی طرح سلیس، دلنشین، آسان اور مدلل ہے۔ کاغذ و طباعت عمدہ، جلد بندی مضبوط اور دیدہ زیب ہے اور قیمت بھی معقول ہے (ع ق ح)

**آسان تفسیر** | از مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب۔ صفحات ۱۸۴ ۔ قیمت ۲۵ روپے

پتہ :۔ دارالارشاد۔ مدنی روڈ۔ اٹک شہر